بچی کا نام "حورِعدن فاطمہ" رکھنا

مجیب : مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-3789

تاریخ اجراء : 01ذوالقعدۃ الحرام1446ھ/29اپریل2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام حورِعدن فاطمہ رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بچی کا نام "حورِعدن فاطمہ" رکھنا جائز ہے۔ "حور" کے معانی ہیں: "خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمت گار ہوں گی، بہت خوبصورت، جمیلہ، جنت کی خوبصورت اور سیاہ چشم عورتیں"۔

اور "عَدن" کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ "عَدن" جنت میں ایک خاص جگہ کا نام ہے اور ایک قول یہ ہے کہ "عَدن" جنت کے ایک طبقے کا نام ہے۔ اس اعتبار سے "حورِعدن" کا معنیٰ "جنتِ عَدن کی بہت خوبصورت عورت" ہے۔

اور "فاطمہ" حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نسبت سے ہے۔

البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام صرف فاطمہ رکھ لیا جائے یا کسی اور صحابیہ یا نیک خاتون کے نام پر نام رکھ لیا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہوگی۔

نوٹ : مزید معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ رسالہ "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کریں، اس میں اچھے نام بھی موجود ہیں۔

حدیث پاک میں ہے "تسموا بخیار کم "ترجمہ : نیک ہستیوں کے نام پر نام رکھو۔ (مسند الفردوس للدیلمی، جلد02، صفحہ58، مطبوعہ : بیروت)

القاموس الوحید میں ہے "الحُور : جنت کی خوبصورت اور سیاہ چشم عورتیں۔ "(القاموس الوحید، ص388، ادارہ اسلامیات، لاہور)

فیروز اللغات میں ہے "حور : خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمت گار ہوں گی، بہت خوبصورت، جمیلہ۔ (فیروز اللغات، ص577، فیروز سنز، لاہور)

تفسیر صراط الجنان میں ہے : "ایک قول یہ ہے کہ عَدن، جنت میں ایک خاص جگہ کا نام ہے اور ایک قول یہ ہے کہ عدن جنت کی صفت ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے ایک روایت یہ ہے کہ جنتیں آٹھ ہیں اور ان کے نام یہ ہیں (1) دارُ الجلال (2) دارُ القرار (3) دارُ السلام (4) جنتِ عدن (5) جنتِ مَاویٰ (6) جنتِ خُلد (7) جنتِ فِردَوس (8) جنتِ نعیم۔ "(تفسیر صراط الجنان، ج4، ص179، 180، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَ اللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net